**09.04.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ نتیکا تیاگی

**Music**

---

☆ آسام، کیرالم اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقے پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ پُرامن طور پر جاری ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی جمہوریت کو زیادہ متحرک اور سب کی شمولیت والا بنانے کیلئے قانون ساز اداروں میں خواتین ریزرویشن اہمیت کا حامل ہے۔

☆ 15 ہزار ٹن LPG لے کر بھارتی پرچم بردار جہاز ممبئی میں جواہر لال نہرو پورٹ اتھارٹی پر پہنچا ہے۔

☆ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے بھارت - امریکہ دفاعی شراکت داری کے سلسلے میں پیشرفت کی خاطر دفاعی ساز و سامان کی سرکاری خرید اور رکھ رکھاؤ سے متعلق امریکہ کے انڈر سکریٹری سے ملاقات کی ہے۔

☆ بیڈمنٹن ایشیا چمپئن شپ میں آیوش شیٹی، مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**ASSAM VOTER TURNOUT-11**

آسام میں مجموعی طور پر ووٹنگ کا فیصد صبح 11 بجے تک 38 اعشاریہ نو دو فیصد درج کیا گیا۔ سبھی حلقوں میں Majuli ضلعے میں اب تک سب سے زیادہ 44 اعشاریہ تین صفر فیصد ووٹنگ درج کی گئی ہے۔ Goalpara ضلعے میں 43 اعشاریہ ایک نو فیصد اور Morigaon میں 42 اعشاریہ آٹھ فیصد ووٹنگ درج کی گئی ہے۔x

**KERALAM-POLLS**

کیرالم میں صبح سویرے سے ہی پولنگ فیصد میں رفتہ رفتہ اضافہ ہورہا ہے۔ دوپہر ایک بجے تک پولنگ فیصد 41 اعشاریہ ایک چھ درج کیا گیا۔ وزیرِ اعلیٰ پینا رائی وِجین، اپوزیشن کے رہنما وی ڈی ستھیسَن اور BJP کے ریاستی صدر راجیو چندر شیکھر نے پولنگ شروع ہونے کے بعد سب سے پہلے ووٹ ڈالے۔ ترو اننت پورم میں ریاستی کنٹرول روم، ریاست بھر میں ووٹنگ کی پیشرفت پر قریبی نظر رکھ رہا ہے۔ سبھی 30 ہزار 495 پولنگ مراکز پر سخت سکیورٹی بندوبست کیا گیا ہے۔x

**PUDUCHERRY TRENDS UPDATE**

پدوچیری میں سبھی 30 اسمبلی حلقوں پر جوش و خروش کے ساتھ ووٹنگ جاری ہے۔ مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں صبح 11 بجے تک مجموعی طور پر 37 اعشاریہ صفر چھ فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ دو اضلاع میں سے پدوچیری میں ووٹنگ فیصد 37 اعشاریہ صفر آٹھ رہا، جبکہ کرائیکل میں ووٹنگ کا فیصد 36 اعشاریہ نو چھ فیصد درج کیا گیا۔ x

**NAGALAND BYE ELECTION**

ناگالینڈ کے Mokokchung میں اٹھائیس Koridang اسمبلی حلقے کے سبھی 30 پولنگ مراکز پر ضمنی چناؤ کے تحت پُرامن طور پر پولنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ سخت سکیورٹی بندوبست کے تحت ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چار بجے تک جاری رہے گی۔ 22 ہزار 300 سے زیادہ رائے دہندگان چھ امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ قابلِ ذکر ہے کہ 30 پولنگ مراکز میں سے دو کا انتظام پوری طرح سے خواتین پولنگ اہلکار سنبھال رہی ہیں۔ x

**TN-LAST DATE WITHDRAWAL**

تمل ناڈو میں آج نامزدگی واپس لینے کی آج آخری تاریخ ہے۔ سات ہزار 599 پرچۂ نامزدگی موصول ہوئے، جن میں سے پانچ ہزار 24 درست پائے گئے اور تسلیم کرلئے گئے، دو ہزار 470 نامزدگی کے پرچے نامنظور کردیئے گئے اور اِس ماہ کی 23 تاریخ کو واحد مرحلے کے تحت ہونے والی پولنگ کیلئے اب تک 105 نام واپس لئے جاچکے ہیں۔ تمل ناڈو میں کُل پانچ کروڑ 73 لاکھ ووٹر اپنے حلقوں کیلئے 234 امیدواروں کا انتخاب کریں گے۔ x

**PM-OPED**

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قانون ساز اداروں میں خواتین کا ریزرویشن بھارتی جمہوریت کو مزید متحرک اور سب کی شمولیت والا بنانے کیلئے وقت کا تقاضا ہے۔ ایک Op-Ed میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا

کہ اُن کے ریزرویشن میں کوئی بھی تاخیر انتہائی افسوسناک ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے ریزرویشن سے متعلق اہم بل پر بحث اور اُسے منظور کئے جانے کے سلسلے میں اس ماہ کی 16 تاریخ کو پارلیمنٹ کا اجلاس طلب کیا گیا ہے۔

**1400-PM Newspaper Writing on Women**

وزیراعظم مودی نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ 2029 کے لوک سبھا انتخابات اور آنے والے وقت میں مختلف ریاستوں کے اسمبلی انتخابات خواتین کے ریزرویشن کے ساتھ ہوں۔

**1400-PM on Women Reservation**

انہوں نے مزید کہا کہ جب خواتین انتظامیہ اور فیصلہ سازی کے عمل میں شامل ہوتی ہیں، تو وہ اپنے تجربات اور معلومات بروئے کار لاتی ہیں، جس سے عوامی معاملات کو زیادہ بامعنی بنایا جاسکتا ہے اور حکمرانی کے معیار کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔x

**WB-PM RALLY**

BJP کے سینئر رہنما اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ مغربی بنگال میں اگر BJP اقتدار میں آتی ہے تو کسانوں اور ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کا خیال رکھا جائے گا۔ مغربی بنگال کے ہلدیہ میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اسمبلی انتخابات کے بعد اگر BJP کی ریاستی حکومت بنتی ہے تو دھان، آلو اور پان کے کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے مغربی بنگال میں ماہی گیروں کے مفاد کو نظرانداز کرنے کیلئے ترنمول کانگریس کی نکتہ چینی کی۔ بعد میں دن میں، وزیرِ اعظم پارٹی امیدواروں کی حمایت میں آسنسول اور Suri میں عوامی میٹنگوں میں شرکت کریں گے۔ دوسری جانب ترنمول کانگریس کی سربراہ ممتابنرجی آج شمالی 24 پرگنہ ضلعے کے Minakhan میں ایک عوامی ریلی میں حصہ لیں گی۔x

**AMIT SHAH-NAVKAR MANTRA**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نوکار مہا منتر، جین دھرم اور تمام انسانی معاشرے کیلئے امن اور روحانیت حاصل کرنے کا بااثر ذریعہ ہے۔ آج نوکار مہا منتر کے عالمی دن کے موقع پر نئی دلّی میں سنتوں اور عقیدتمندوں سے خطاب کرتے ہوئے، جناب شاہ نے کہا کہ نوکار منتر زندگی اور توانائی فراہم کرتا ہے اور شعور کو بیدار کرتا ہے۔ جناب شاہ نے جین بین الاقوامی تجارتی تنظیم کو تمام دنیا کی فلاح و بہبود کیلئے دلّی شہر سے پُرامن نوکار منتر کے جاپ پر مبارکباد پیش کی۔x

**LPG-VESSEL GREEN ASHA**

ایک بھارتی پرچم بردار LPG جہاز گرین آشا، آج ممبئی پہنچا اور جواہرلعل نہرو بندرگاہ اتھارٹی JNPA کے لیکوڈ ٹرمنل پر لنگر انداز ہوا۔ مذکورہ جہاز نے 15 ہزار 400 ٹن LPG کو لے کر آبنائے ہرمز کو عبور کیا۔ یہ ایسا پہلا جہاز ہے، جو مغربی

ایشیاء تنازعہ کے شروع ہونے کے بعد سے JNPA پہنچا ہے۔×

**VIKRAM MISRI-US VISIT**

خارجہ سکریٹری وِکرم مصری نے آج پنٹاگن میں ہند-بحرالکاہل خطے اور مغربی ایشیاء میں جاری صورتحال کے تعلق سے امریکہ کے جنگ سے متعلق پالیسی کے انڈر سکریٹری Elbridge Colby سے بات چیت کی۔

جناب مصری نے واشنگٹن میں امریکہ کے دفاعی سازوسامان کی خریداری اور رکھ رکھاؤ کے انڈر سکریٹری Michael P. Duffey سے بھی ملاقات کی۔ خارجی اُمور کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ میٹنگ کا مقصد بھارت اور امریکہ کی دفاعی شراکت داری کو مزید آگے بڑھانا تھا۔ خارجہ سکریٹر وکرم مصری، امریکہ میں واشنگٹن ڈی سی کے تین روزہ دورے پر ہیں۔×

**VP-PARTH AJIT PAWAR**

نائب صدرِ جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے صدرنشیں سی پی رادھا کرشنن نے آج NCP کے پارتھ اجیت پوار کو ایوانِ بالا کے نومنتخبہ ممبر کی حیثیت سے حلف دلایا۔ وہ مہاراشٹر سے راجیہ سبھا کے ممبر منتخب ہوئے ہیں اور انہوں نے پارلیمنٹ ہاؤس کے صدرنشیں کے کانفرنس روم میں حلف لیا۔x

**BADMINTON**

بیڈمنٹن ایشیاء چمپئن شپ میں آیوش شیٹی اعلیٰ رینک کے کھلاڑی Chi Yu Jen کو ہراکر مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ البتہ HS Prannoy چین کے Weng Hong Yong سے ہار کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ وہیں، خواتین کے سنگلز میں دو مرتبہ اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو چین کی دوسرے درجے کی کھلاڑی Wang Zhiyi سے ہارکر 16 ویں راؤنڈ میں باہر ہوگئی ہیں۔

مکسڈ ڈبلز میں Dhruv Kapila اور Tanisha Crasto کی بھارتی جوڑی ملیشیا کی Chang Tang Jie اور Toh Ee Wei کی جوڑی سے ہار کر چمپئن شپ سے باہر ہوگئی ہے۔×

**IPL-CRCKET**

IPL کرکٹ میں آج شام کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔

یہ میچ شام ساڑھ سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے ایک سنسنی خیز میچ میں دہلی کیپٹلز کو ایک رن سے ہرادیا۔ گجرات کی طرف سے جیت کیلئے 210 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، لیکن دہلی کیپٹلز 8 وکٹ کے نقصان پر 209 رن ہی بناسکی۔ راشد خان کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

**OM BIRLA CPA CONFERENCE**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے آج گوا میں دولت مشترکہ پارلیمانی ایسوسی ایشن بھارت علاقائی زون-VII کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس کے ساتھ ہی، دو روزہ علاقائی پارلیمانی میٹنگ کی شروعات ہوگئی ہے۔ اس کانفرنس کا مقصد بین-پارلیمانی تعاون واشتراک کو مستحکم کرنا اور کلیدی ترقیاتی معاملوں کا حل تلاش کرنا ہے۔ مذاکرات کا آغاز آج، 2047 تک وکست بھارت کے ویژن کو حاصل کرنے میں نوجوان قانون-سازوں کے رول پر ہورہے سیشن سے ہوگیا ہے۔×

**ASIAN INDIA-OFFICIALS MEET**

28 ویں آسیان-بھارت کے سینئر عہدیداروں کی میٹنگ کی صدارت آج فلپائن کے منیلا میں وزارت خارجہ میں سکریٹری (مشرق) پی-کمارن اور فلپائن کے امور خارجہ کے محکمے میں پالیسی کے انڈر سکریٹری Leo M Herrera-Lims نے مشترکہ طور پر کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزارت خارجہ نے کہا کہ پچھلے سال اکتوبر میں ہوئی آسیان-بھارت سربراہ میٹنگ کے فیصلوں پر عمل درآمدگی کی پیش رفت پر اس میٹنگ میں جائزہ لیا گیا۔ وزارت نے مزید کہا کہ انہوں نے جامع اسٹریٹیجک پارٹنر شپ کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا، کیونکہ سال 2026 آسیان-بھارت کے بحری تعاون سے متعلق سال کی علامت ہے۔×

**UN-ELECTION-INDIA**

بھارت نے اقوام متحدہ کے اقتصادی اور سماجی کونسل اداروں کے چار انتخابات میں بلا مقابلہ منتخب ہوکر بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ انتخابات کل اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں تعریفی انداز میں منعقد کئے گئے، جس سے رُکن ممالک کی متفقہ حمایت کا اشارہ ملتا ہے۔

سابق سینئر سفارتکار Preeti Saran کو اقتصادی، سماجی اور ثقافتی حقوق کی کمیٹی کیلئے دوبارہ منتخب کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، بھارت نے سائنس اور ٹیکنالوجی برائے ترقی کے کمیشن، غیر سرکاری تنظیموں پر ایک کمیٹی اور پروگرام اور کوارڈی نیشن سے متعلق کمیٹی کیلئے سیٹیں حاصل کی ہیں۔×

**KIRTI VARDHAN-MYANMAR**

ثقافتی تعلقات کی بھارتی کونسل ICCR کے یومِ تاسیس کے دن خارجی امور کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے میانما کے ساتھ ثقافتی رابطے مستحکم کرنے میں کونسل کی کوششوں کو اجاگر کیا ہے۔ وزیرِ موصوف نے آج اِس موقع پر میانما کے ینگون میں ایک عوامی تقریب میں شرکت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب سنگھ نے مطلع کیا کہ اِس موقع پر 300 سے زیادہ مہمانان موجود تھے، جس میں وہاں آباد بھارتی برادری بھی شامل تھی۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆